قیمت: مع محصول ڈاک دس آنے (صفحات ۸۰)

مؤلف نے اس پمفلٹ میں اشتراکی فلسفۂ نظام کے خلاف اسلام ہونے پر مختصراً ضروری معلومات جمع کی ہیں اور اس کے بالمقابل اسلام کے نقطۂ نظر کو واضح کیا ہے۔ کتاب بہر حال غیر مفید نہیں، لیکن اس موضوع پر پہلے جو چند چیزیں شائع ہو چکی ہیں، ان پر کسی پہلو سے مؤلف نے کوئی اضافہ نہیں کیا۔

امتیازِ راہ

مؤلفہ: اسرار احمد صاحب سہاروی، ایم، اے، ایل، ایل، بی (علیگ)

شائع کردہ: فتح آباد کتاب گھر، زیر دروازہ حافظ آباد۔ ضلع گجرانوالہ۔

قیمت: بارہ آنے (صفحات ۷۰)

یہ مختصر سی کتاب دراصل جرمن نومسلم محمد اسد کی مشہور تالیف "اسلام دوراہے پر" سے ماخوذ ہے۔ اسرار احمد صاحب نے اس ایمان افروز کتاب میں ایک خاص اثر محسوس کیا، اور پھر اس کے مضامین کے اقتباسات لے کر ان پر تبصرے کے طور پر ایک سلسلۂ مضامین قلمبند کیا جس کے اجزا مختلف رسالوں میں شائع ہوتے رہے۔ اب اسی سلسلۂ مضامین کو امتیازِ راہ کے عنوان سے موصوف نے پیش کر دیا ہے۔ اس کے مطالعہ سے ہمارے نوجوان خاصا استفادہ کر سکتے ہیں۔

کتاب کو دیکھ کر افسوس ہوتا ہے کہ اس کی طباعت و کتابت کیوں اتنی پست رہ گئی۔ اس معاملے میں وقت کے معیارِ ذوق سے بے اعتنائی برتنا اچھی اچھی کتابوں کو صفِ اول میں جگہ پانے سے باز رکھتا ہے۔

قانونِ مکافات

مؤلفہ: جناب ضیاء الہدیٰ صاحب

شائع کردہ: مکتبۂ دین و دانش۔ کھمنا کنواں۔ بانکی پور، پٹنہ۔

قیمت: نیم مجلد مع گرد پوش ایک روپیہ (صفحات ۶۲)

اس کتاب کا نفسِ مضمون یہ واضح کرنا ہے کہ دنیا میں بھی، اور خصوصاً آخرت میں انسانی اعمال اپنے جو نتائج دکھاتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے قانونِ مکافات کے تابع ہوتے ہیں۔ مؤلف نے قانونِ مکافات کے